# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: صحت: سب سے بڑی دولت | |

**مقاصد:** تصاویر پر بات چیت کر سکیں۔
امر و نہی جملوں کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو اول" تصویریں، ٹوکری، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سوال نمبر 4 میں دی گئی تصاویر بچوں کو دکھائیں۔ ان سے پوچھیں کہ کیا ہمیں ایسی چیزیں خرید کر کھانی چاہییں؟ بچوں کو بتائیں کہ مختلف اسٹالوں پر لگی کھانے پینے کی اشیا مناسب صفائی نہ ہونے کی وجہ سے غیر صحت بخش ہوتی ہیں۔ لہٰذا ہمیں ان سے اجتناب کرنا چاہیے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ سب تیار ہو جائیں، ہم اب ایک دل چسپ کھیل کھیلیں گے۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں ان تصاویر کو درمیان میں سے چار چار برابر حصوں میں کاٹ لیں۔ اب تصاویر کے یہ ٹکڑے، چار سادہ شیٹ اور گلو بچوں کو دیں۔
- ایک گروہ کے حصے میں ایک شیٹ، ایک تصویر کے ٹکڑے اور گلو آئے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تصویر کے ٹکڑوں کو دیکھیں کہ وہ کس چیز کی تصویر ہے، پھر انھیں درست ترتیب سے جوڑ کر سادہ شیٹ پر گلو کی مدد سے چسپاں کریں اور اس سے متعلق ایک جملہ لکھ کر بتائیں کہ اس میں کیا ہو رہا ہے اور اس میں موجود کوئی سی دو چیزوں کے بارے میں بھی بتائیں۔ اس کے لیے انھیں دو منٹ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو تصویر سمیت بلا کر شیٹ تختہ تحریر پر چسپاں کروا کر اس پر لکھے ہوئے جملے کی خواندگی کرنے کے لیے کہیں۔ جو گروہ یہ سرگرمی درست طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (منٹ 20)

- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔

- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور انھیں ایک دائرے کی صورت میں کھڑا کریں۔ بچوں سے کہیں کہ آپ سب نے میری ہدایات کو بہت دھیان سے سُننا ہے۔ جو میں کہوں، اس کے مطابق فوراً عمل کرنا ہے۔ بچوں کو یہ ہدایات دیں۔ "چُٹکی بجائیں، تالی بجائیں، اچھلیں، آنکھیں بند کریں" وغیرہ۔ بچے ہدایات سُن کر اس پر عمل کریں۔
- پھر ہدایات اس طرح دیں۔ "تالی بجائیں، چٹکی مت بجائیں، آنکھیں بند کریں، مت بھاگیں۔ "نوٹ کریں کہ کیا بچے ہدایت کے مطابق درست عمل کر رہے ہیں یا نہیں۔ سر گرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ ابھی ہم نے جو سر گرمی کی ہے، اس میں کون سے کام کرنے کو کہا گیا اور کن کاموں سے منع کیا گیا؟ بچوں سے جوابات لیں اور ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم فعل امر اور فعل نہی کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ وہ فعل جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، اسے "فعل امر" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے وضاحت کریں۔
- جبکہ وہ فعل جس میں کسی کام کے کرنے سے منع کیا جائے، اسے "فعل نہی" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں فعل امر (جن جملوں میں کام کرنے کا حکم دیا گیا) اور دوسرے میں فعل نہی (جن جملوں میں کام کرنے سے منع کیا گیا) کی سرخی لکھ دیں۔ ایک طرف سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے جملے لکھ دیں۔ بچوں سے جملے پڑھوائیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کن جملوں میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے یا فعل امر کے جملے کون سے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔ اب فعل امر والے جملوں کو الگ کر کے فعل امر والے کالم میں لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سر گرمی فعل نہی والے جملوں پر کروائیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ان سے کہیں کہ آپ باری باری جملے بولیں گے / گی۔ انھوں نے جملے غور سے سننے ہیں۔ جن جملوں میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے (فعل امر) کے جملوں تالی بجانی ہے اور جن جملوں میں سی کام کے کرنے سے منع کیا گیا ہے (فعل نہی) کے جملوں پر پر ہاتھ بلند کرنا ہے۔ ایک جملے کی درست نشان دہی کرنے کے دو نمبر ہوں گے۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کرائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں فعل امر (جن جملوں میں کام کرنے کا حکم دیا گیا) اور دوسرے میں فعل نہی (جن جملوں میں کام کرنے سے منع کیا گیا) کی سرخی لکھ دیں۔ ایک طرف سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے فعل امر اور فعل نہی کے جملے الگ الگ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: صحت: سب سے بڑی دولت | |

**مقاصد**: نئے الفاظ بنا سکیں۔

بے معنی الفاظ روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو اول" باجا

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کو سوال نمبر 7 میں دیئے گئے بے معنی الفاظ پڑھائیں۔
- ان کی جوڑیاں بنائیں اور کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کی جوڑیوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور انہیں روانی سے پڑھائی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ سازی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 6 کے تحت دیا گیا لفظ "بول" لکھیں اور پڑھائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اس کی آخر میں ا"و"لگا کر نیا لفظ بنائیں ۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- اب بورڈ پر اس لفظ کے سامنے الفاظ "کھول، موڑ، توڑ، لکھیں اور پڑھائیں۔
- اب بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں۔ ایک کو ٹیم گلاب اور دوسری کو ٹیم سورج کا نام دے دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ آپ الفاظ بولیں گے / گی۔ انھیں الفاظ کو غور سے سننا ہے اور ان کے آخر میں "و" لگا کر نئے الفاظ بنانے ہیں۔
- اب سوال نمبر 6 تحت دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ بولیں۔
- جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔ درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں۔
- درست لفظ بتانے پر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں دو نمبر لکھ دیں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان کی آخر میں "و" لگوا کر نئے الفاظ بنوائیں اور لکھوائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ کاپیوں میں لکھیں اور ان کی آخر میں و لگا کر نئے الفا بنا کر لکھیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:اول | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: صحت: سب سے بڑی دولت | |

**مقاصد:** مذکر اور مؤنث میں فرق کر سکیں۔

دیئے گئے موضوع پر جماعت کے سامنے تقریر تیار کر کے پیش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو اول"

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سب بچوں سے پُوچھیں کہ ان کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ (متوقع جواب: امی، ابو، دادا، دادی، چچا، چچی، تایا، تائی، بھائی، بھابی وغیرہ) بچوں سے آنے والے جوابات اسی ترتیب میں لکھتے جائیں۔
- تمام مذکر ایک جانب اور ان کے مؤنث دوسری جانب ان کے سامنے لکھیں۔ یوں بچوں کو "جوڑی" کا تصور دیں۔
- انھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کا جوڑا پیدا فرمایا ہے۔ ان میں سے ایک مذکر کہلاتا ہے جیسے ابو، دادا، تایا، چچا وغیرہ۔ دوسرا مؤنث کہلاتا ہے۔ جیسے امی، چچی، تائی، دادی وغیرہ۔ بچوں کو بتائیں کہ جانوروں اور پرندوں کے بھی جوڑے ہوتے ہیں جیسے شیر، شیرنی۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مذکر اور مؤنث کو شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں مذکر اور دوسرے میں مؤنث کی سرخی لکھ دیں۔ مذکر والے کالم میں الفاظ "بیٹا، بکرا، دادا، شیر، گھوڑا" لکھ دیں۔ بچوں سے الفاظ پڑھوائیں۔ اب دوسرے کالم میں مؤنث الفاظ "دادی، بیٹی، بکری، گھوڑی، شیرنی" لکھ دیں۔
- بچوں سے الفاظ پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھین کہ لفظ بیٹا کا مؤنث کیا ہو گا؟ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اب لفظ بیٹا کو لکیر کے ذریعے سے اس کے مؤنث بیٹی سے ملائیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی مذکر الفاظ اور مؤنث پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں تقریر کے مختلف مقاصد اور مواقع ہوتے ہیں۔
- ایک اچھا مقرر نہ صرف معاشرتی بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔
- تقریر کو موئثر انداز میں لکھنے کے لیے عام سننے والے کے علم کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے۔
- تقریر کسی متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے۔

- ایک اچھی تقریر کی موضوع کے تعارف سے ابتدا کی جاتی ہے۔
- پھر موضوع سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔
- اس کے علاوہ مشہور اشعار اور عام زندگی کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں تاکہ تقریر کو زیادہ موئثر اور بھرپور بنایا جاسکے۔
- تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور بامعنی ہونے چاہییں۔
- درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد انھیں جماعت میں تقریر پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔
- بچوں کو "تن درستی ہزار نعمت ہے" کے موضوع پر تقریر تیار کروائیں۔
- تقاریر تیار کرنے کے بعد جماعت میں ایک تقریب کا اہتمام کریں اور بچوں کی تیار کردہ تقاریر پیش کروائیں۔ مقابلے میں جیتنے والوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) سوال نمبر 8 میں دیئے گئے مذکر مونث بچوں سے بورڈ پر لکیر کی مدد سے ملوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، سوالات کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- علّامہ محمد اقبالؒ سے متعلق سوالات کی پرچیاں تیار کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو ایک گھنٹی دیں۔
- پرچیوں میں سے ایک پرچی کھولیں اور اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے گھنٹی بجائے اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ کھیل جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 62 کھولنے کا کہیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق کے ''تلفظ سیکھیں'' کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کریں اور بلند خوانی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- اس کے بعد متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔

| |
|---|
| • سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہوں۔<br>• اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔<br>• اس طرح سبق کی صفحہ نمبر 62 سے پڑھائی مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق میں سے مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ ز اُردو جماعت اول کی کتاب۔ گتے کا ڈبا، رنگ دار کاغذ، چارٹ پیپر کے پھول اور پتیاں، الفاظ کی پرچیاں، چارٹ سے بنی ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔
- اگر الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ" دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں صفحہ نمبر 12 میں دیے الفاظ میں سے ایک لفظ "سامعین" لکھیں۔
- بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر بھی کریں۔ ادراک، حکمت، حامل، استعداد۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے۔
- جو بچہ اپنا ہاتھ بلند کرے اُسے بتانے کا موقع دیں۔ معانی کے ساتھ ہی اس لفظ کا جملہ بھی بنوائیں۔
- اب الفاظ اور اس کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔
- جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب ان پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتے ہوں۔
- وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر چسپاں کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم سبق "علامہ محمد اقبال" سے متعلق سوالات و جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کے تین گروہ بنائیں۔ ہر گروہ کو چارٹ سے بنی ایک ٹوکری دیں۔
- اس پر سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات لکھے ہوں اور ان کے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- تینوں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ٹوکری پر لکھے سوالات پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ایک، ایک بچے کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی ٹوکری آئی ہے وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے جواب لکھیں۔
- درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اب بورڈ پر تمام سوالات کے جوابات لکھیں۔
- بچوں سے سوالات و جوابات کی خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔
- اس دوران ان کی نگرانی کریں۔
- انھیں جہاں مدد کی ضرورت ہو فراہم کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

(الف) دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔

ڈاکٹر علّامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کب پیدا ہوئے؟

______________________________

______________________________

______________________________

ڈاکٹر علّامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

ڈاکٹر علّامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: اول | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، اُردو اول کی کتاب، گیند، سوالات پر مبنی کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔
- خود تالی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔
- اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔
- اچانک تالی بجانا بند کریں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی۔ اس بچے سے سوال نمبر 1 میں دیے ہوئے سوالات میں سے ایک سوال پوچھیں۔
- بچہ اس سوال کا جواب دے گا۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کے پانچ کارڈز اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ چار چار جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک کارڈ دے دیں۔

| |
|---|
| • انھیں مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور باہم مشورے سے اس جواب پر دائرہ لگائیں۔<br>• اس دوران بورڈ پر تمام سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔<br>• جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی کارڈ ہو گا، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔<br>• درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• اس سرگرمی کے بعد بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں سے کتاب پر کام کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔ |